وَإِلَىٰ أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنْبِطُونَهُ مِنْهُمْ ۗ وَلَوْلَا

اور اپنی اختیار والون تک تو تحقیق کرتی اوسکو جو اونمیں تحقیق کرنیوالی ہیں اونکی اور اگر نہ

فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطَانَ إِلَّا قَلِيلًا ۝

ہوتا فضل اللہ کا تم پر اور اوسکی مہر تو شیطان کی پیچھی جاتی مگر تھوڑی سی

فَقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ لَا تُكَلَّفُ إِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ

سو تو لڑ اللہ کی راہ میں تجھ پر ذمہ نہیں مگر اپنی جان کا اور تاکید کر مسلمانوں کو

عَسَى اللَّهُ أَنْ يَكُفَّ بَأْسَ الَّذِينَ كَفَرُوا وَاللَّهُ أَشَدُّ بَأْسًا

قریب ہی کہ اللہ بند کرے لڑائی کافروں کی اور اللہ سخت لڑائی والا

وَأَشَدُّ تَنْكِيلًا ۝ مَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَكُنْ لَهُ نَصِيبٌ

اور سخت سزا دینے والا جو کوئی سفارش کرے نیک بات میں اوسکو بھی ملی اوسمیں سے ایک حصہ

مِنْهَا وَمَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَكُنْ لَهُ كِفْلٌ مِنْهَا وَكَانَ

اور جو کوئی سفارش کرے بری بات میں اوس پر بھی ہی ایک بوجھ اوسمیں سے اور

اللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ مُقِيتًا ۝ وَإِذَا حُيِّيتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا

اللہ ہی ہر چیز کا حصہ بانٹنے والا اور جب تمکو دعا دیوے کوئی تو تم بھی دعا دو اوس سے

بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيبًا

بہتر یا وہی کہو الٹ کر اللہ ہی ہر چیز کا حساب کرنے والا

اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ

اللہ کی سوا کسیکی بندگی نہیں تمکو جمع کریگا قیامت کے دن اسمیں شک نہیں

وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللَّهِ حَدِيثًا ۝ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِينَ فِئَتَيْنِ وَاللَّهُ

اور اللہ سے سچی کسکی بات پھر تمکو کیا پڑا ہی منافقوں کی واسطے دو جانب ہو

أَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوا أَتُرِيدُونَ أَنْ تَهْدُوا مَنْ أَضَلَّ اللَّهُ وَمَنْ

اونکو الٹ دیا اونکے کاموں پر کیا تم چاہو کہ راہ پر لاؤ جسکو بھلایا اللہ نے اور جسکو

نصف

ع

يُضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهُ سَبِيلًا ۝ وَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ كَمَا

الله نے راہ نہ دی پھر تو نہ پاوے اوسکی واسطے کہیں راہ ۝ چاہتے ہیں کہ تم بھی کافر ہو جیسے

كَفَرُوا فَتَكُونُونَ سَوَاءً فَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ أَوْلِيَاءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوا

وہ کافر ہوئے پھر سب برابر ہو جاو سو تم اونمیں کسیکو مت پکڑو رفیق جب تک وطن چھوڑ آویں

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوهُمْ وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ وَجَدْ

اللہ کی راہ میں پھر اگر یہ قبول نہ رکھیں تو اونکو پکڑو اور مارو جہاں پاو

تُّمُوهُمْ وَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ۝ إِلَّا الَّذِينَ يَصِلُونَ

اور نہ ٹھہراو اونمیں کسیکو رفیق نہ مددگار ۝ مگر وہ جو مل رہتے ہیں

إِلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِيثَاقٌ أَوْ جَاءُوكُمْ حَصِرَتْ صُدُورُهُمْ

ایک قوم سے جن میں اور تم میں عہد ہے یا آئے ہیں تمہارے پاس تنگ ہو گئے ہیں دل اونکے

أَنْ يُقَاتِلُوكُمْ أَوْ يُقَاتِلُوا قَوْمَهُمْ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ

تمہاری لڑائی سے بھی اور اپنی قوم کی لڑائی سے بھی اور اگر اللہ چاہتا تو اونکو تم پر زور دیتا

فَلَقَاتَلُوكُمْ فَإِنِ اعْتَزَلُوكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوكُمْ وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ

پھر تم سے لڑتے تو اگر تم سے کنارہ پکڑیں پھر نہ لڑیں اور تمہاری طرف صلح

السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيلًا ۝ سَتَجِدُونَ آخَرِينَ

ڈالیں تو اللہ نے نہیں دی تمکو اون پر راہ ۝ اب تم دیکھو گے ایک اور لوگ

يُرِيدُونَ أَنْ يَأْمَنُوكُمْ وَيَأْمَنُوا قَوْمَهُمْ كُلَّمَا رُدُّوا إِلَى

چاہتے ہیں کہ امن میں رہیں تم سے بھی اور اپنی قوم سے بھی جس بار بلائے جاتے ہیں

الفتنة

الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ

فساد کرنے کو اولٹ جاتے ہیں اوس ہنگامہ میں پھر اگر تم سی کنارہ نہ پکڑیں اور صلح نہ لاویں

وَيَكُفُّوْا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاُولٰٓئِكُمْ

اور اپنے ہاتھ نہ روکیں تو اونکو پکڑو اور مارو جہاں پاؤ اور ان پر

جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ● وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ

ہم نے دی تمکو سند صریح ● اور مسلمان کا کام نہیں

يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ

کہ مارڈالے مسلمان کو مگر چوک کر اور جو کوئی مارے مسلمان کو چوک کر تو آزاد کرنی گردن

مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا فَاِنْ كَانَ

ایک مسلمان کی اور خون بہا پہونچانی اوسکے گھر کو مگر کہ وہ خیرات کریں پھر اگر وہ تھا

مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَ

ایک قوم میں کہ تمہارے دشمن ہیں اور آپ مسلمان ہے تو آزاد کرنی گردن ایک مسلمان کی اور

اِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ

اگر وہ تھا ایک قوم میں کہ تم میں اور اون میں عہد ہے تو خون بہا پہونچانی اوسکے

اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ

گھر اور آزاد کرنی گردن ایک مسلمان کی پھر جسکو میسر نہ ہو تو روزے دو مہینے

مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ●

لگتے بخشوانے کو اللہ سے اور اللہ جانتا حکمت والا ہے

وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهُ جَهَنَّمُ خَٰلِدًا فِيهَا وَغَضِبَ

اور جو کوئی مارے مسلمان کو قصد کرکر تو اوسکی سزا دوزخ ہی پڑا رہے اوسمیں اور اللہ اوسپر غضب

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيمًا ۝ يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ

ہوا اور اوسکو لعنت کی اور اوسکے واسطے تیار کیا بڑا عذاب ۝ ای ایمان

آمَنُوٓا إِذَا ضَرَبْتُمْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوا وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ أَلْقَىٰٓ

والو جب سفر کرو اللہ کی راہ میں تو تحقیق کر لیا کرو اور مت کہو جو شخص

إِلَيْكُمُ السَّلَٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا تَبْتَغُونَ عَرَضَ الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا

تمہاری طرف سلام علیک کرے کہ تو مسلمان نہیں چاہتے ہو مال دنیا کی زندگی کا

فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيرَةٌ كَذَٰلِكَ كُنْتُمْ مِنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ

تو اللہ کے پاس بہوت غنیمتیں ہیں تم ایسے ہی تھے پہلی پھر اللہ نے تم پر فضل کیا

فَتَبَيَّنُوٓا إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ۝ لَا يَسْتَوِي

سو اب تحقیق کرو اللہ تمہارے کام سے واقف ہی ہے ۝ برابر نہیں

الْقَٰعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجَٰهِدُونَ

بیٹھنے والے مسلمان جنکو بدن کا نقصان نہیں اور لڑنیوالے

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بِأَمْوَٰلِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَٰهِدِينَ

اللہ کی راہ میں اپنے مال سے اور جان سے اللہ نے بڑائی دی لڑنیوالوں کو

بِأَمْوَٰلِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقَٰعِدِينَ دَرَجَةً وَكُلًّا وَعَدَ اللّٰهُ

اپنے مال اور جان سے اوپر بیٹھنے والوں کے درجے میں اور سبکو وعدہ دیا اللہ نے

الحسنى

الْحُسْنَىٰ ۚ وَفَضَّلَ اللَّهُ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ أَجْرًا عَظِيمًا

خوبی کا اور زیادہ کیا اللہ نے لڑنیوالونکو بیٹھنے والونسے بڑی ثواب میں

دَرَجَاتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَرَحْمَةً ۚ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ۝

بہوت درجوں میں اپنی طرف سے اور بخشش میں اور مہربانی میں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

إِنَّ الَّذِينَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي أَنفُسِهِمْ قَالُوا فِيمَ كُنتُمْ

جن لوگونکی جان کھینچتے ہیں فرشتے اور وہ برا کر رہے ہیں اپنا کہتے ہیں تم کس بات میں

قَالُوا كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الْأَرْضِ ۚ قَالُوا أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةً

وہ کہتے ہیں ہم تھے مغلوب اس ملک میں کہتے ہیں کیا نہ تھی زمین خدا کی کشادہ

فَتُهَاجِرُوا فِيهَا ۚ فَأُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا ۝

کہ وطن چھوڑ جاؤ وہاں سو ایسونکا ٹھکانا ہے دوزخ اور بہوت بری جگہہ پہونچے

إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيعُونَ

مگر جو ہیں بیبس مرد اور عورتیں اور لڑکے نہ کر سکتے ہیں

حِيلَةً وَلَا يَهْتَدُونَ سَبِيلًا ۝ فَأُولَٰئِكَ عَسَى اللَّهُ أَن

تلاش اور نہ جانتے ہیں راہ سو ایسونکو امید ہے کہ اللہ

يَعْفُوَ عَنْهُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَفُوًّا غَفُورًا ۝ وَمَن يُهَاجِرْ فِي

معاف کرے اور اللہ ہے معاف کرنیوالا بخشنے والا اور جو کوئی وطن چھوڑے

سَبِيلِ اللَّهِ يَجِدْ فِي الْأَرْضِ مُرَاغَمًا كَثِيرًا وَسَعَةً ۚ وَمَن يَخْرُجْ

اللہ کی راہ میں پاوے ادھر کی مقابل میں جگہہ بہوت اور کشائش اور جو نکلے

مِن بَيتِهِ مُهَاجِرًا إِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ يُدرِكهُ المَوتُ فَقَد

اپنے گھر سے وطن چھوڑ کر اللہ اور رسولکی طرف پھر آ پکڑے اوسکو موت تو

وَقَعَ أَجرُهُ عَلَى اللّٰهِ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ● وَإِذَا ضَرَبتُم فِي

ٹھہر چکا اوسکا ثواب اللہ پر اور اللہ بخشنے والا مہربان ہی ہے وقف اور جب تم سفر کرو

الأَرضِ فَلَيسَ عَلَيكُم جُنَاحٌ أَن تَقصُرُوا مِنَ الصَّلوٰةِ إِن خِفتُم

ملک میں تو تم پر گناہ نہیں کہ کچھ کم کرو نمازمیں سے اگر تم کو ڈر ہو

أَن يَفتِنَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنَّ الكٰفِرِينَ كَانُوا لَكُم عَدُوًّا

کہ ستاوینگے تمکو کافر البتہ کافر تمہارے دشمن ہیں

مُّبِينًا ● وَإِذَا كُنتَ فِيهِم فَأَقَمتَ لَهُمُ الصَّلوٰةَ فَلتَقُم طَآئِفَةٌ

صریح وقف اور جب تو انمیں ہو پھر انکو نمازمیں کھڑا کرے تو چاہیے ایک جماعت انکی کھڑی ہو

مِّنهُم مَّعَكَ وَليَأخُذُوا أَسلِحَتَهُم فَإِذَا سَجَدُوا فَليَكُونُوا

تیرے ساتھ اور ساتھ لیویں اپنے ہتیار پھر جب سجدہ کر چلیں تو پیچھے ہو جاویں

مِن وَّرَآئِكُم وَلتَأتِ طَآئِفَةٌ أُخرىٰ لَم يُصَلُّوا فَليُصَلُّوا مَعَكَ

اور آوے دوسری جماعت جن نے نماز نہیں کی وہ نماز کریں تیرے ساتھ

وَليَأخُذُوا حِذرَهُم وَأَسلِحَتَهُم وَدَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَو تَغفُلُونَ

اور ساتھ لیویں اپنا بچاؤ اور ہتیار کافر چاہتے ہیں کسی طرح تم بیخبر ہو

عَن أَسلِحَتِكُم وَأَمتِعَتِكُم فَيَمِيلُونَ عَلَيكُم مَّيلَةً وَّاحِدَةً

اپنے ہتیاروں سے اور اسباب سے تو تم پر جھک پڑیں ایک حملہ کر کر

ع

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ كَانَ بِكُمْ أَذًى مِنْ مَطَرٍ أَوْ كُنْتُمْ

اور گناہ نہیں تم پر اگر تمکو تکلیف ہو مینہہ سی یا تم بیمار ہو

مَرْضَى أَنْ تَضَعُوا أَسْلِحَتَكُمْ وَخُذُوا حِذْرَكُمْ إِنَّ اللّٰهَ

کہ اوتار رکھو اپنی ہتیار اور ساتھہ لو اپنا بچاؤ اللہ نین

أَعَدَّ لِلْكٰفِرِينَ عَذَابًا مُهِينًا ۝ فَإِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا

رکھی ہی منکروں کی واسطی ذلت کی مار پھر جب نماز کر چکو تو یاد کرو

اللّٰهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَى جُنُوبِكُمْ فَإِذَا اطْمَأْنَنْتُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ

اللہ کو کھڑی اور بیٹھی اور پڑی پھر جب خاطر جمع سی ہو تو درست کرو نماز

إِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتٰبًا مَوْقُوتًا ۝ وَلَا

یہہ نماز ہی مسلمانوں پر وقت باندہا حکم اور مت

تَهِنُوا فِي ابْتِغَاءِ الْقَوْمِ إِنْ تَكُونُوا تَأْلَمُونَ فَإِنَّهُمْ يَأْلَمُونَ كَمَا

ہارو اونکا پیچھا کرنی سی اگر تم بی آرام ہو تو وہ بہی بی آرام ہیں جس طرح

تَأْلَمُونَ وَتَرْجُونَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُونَ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيمًا

تم ہو اور تمکو اللہ سی امید ہی جو اونکو نہیں اور اللہ سب جانتا ہی

حَكِيمًا ۝ إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ

حکمت والا ہمنی اوتاری تجکو کتاب سچی کہ تو انصاف کری

ع

النَّاسِ بِمَا أَرٰيكَ اللّٰهُ وَلَا تَكُنْ لِلْخَائِنِينَ خَصِيمًا ۝ وَاسْتَغْفِرِ

لوگوں میں جو سوجہادی تجکو اللہ اور تو مت ہو دغا بازونکی طرف سی جھگڑنی والا اور بخشوا

اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ

اللہ سے بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور مت جھگڑ اون کی طرف سے جو

يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ۝

اپنے جی میں دغا رکھتے ہیں اللہ کو خوش نہیں آتا جو کوئی ہو دغاباز گنہگار

يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ

چھپتے ہیں لوگوں سے اور نہیں چھپتے اللہ سے اور وہ ساتھ ہے

اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

جب رات کو ٹھہراتے ہیں جس بات سے وہ راضی نہیں اور جو کرتے ہیں اللہ کی

مُحِيْطًا ۝ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

قابو میں ہے سنتے ہو تم لوگ جھگڑے اونکی طرف سے دنیا کی زندگی میں

فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝

پھر کون جھگڑیگا اونکی بدلی اللہ سے قیامت کے دن یا کون ہوگا اونکا کام بنانیوالا

وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ

اور جو کوئی کرے گناہ یا اپنا برا کرے پھر اللہ سے بخشوا دے پاوے اللہ کو

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى

بخشتا مہربان اور جو کوئی کماوے گناہ سو کماتا ہے اپنے حق میں

نَفْسِهٖ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓئَةً

اور اللہ جانتا ہے حکمت والا اور جو کوئی کماوے تقصیر

او اثما

أَوْ إِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهِ بَرِيًّا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِينًا ۝ وَلَوْلَا

یا گناه پهر لگاوی بیگناه کو اوسنی سر دهرا طوفان اور گناه صریح اور اگر نه هوتا

فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهُ لَهَمَّتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ أَنْ يُضِلُّوكَ

تجهه پر فضل الله کا اور مهر تو قصد کیا هی تها اونمیں ایک جماعت نین که تجکو بهکاوین

وَمَا يُضِلُّونَ إِلَّا أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّونَكَ مِنْ شَيْءٍ وَأَنْزَلَ

اور بهکا نه سکتی مگر آپ کو اور تیرا کچهه نه بگاڑتی اور الله نین نازل کی

اللَّهُ عَلَيْكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ

تجهه پر کتاب اور کام کی بات اور تجکو سکهایا جو تو نه

تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا ۝ لَا خَيْرَ فِي كَثِيرٍ مِنْ

جان سکتا اور الله کا فضل تجهه پر بڑا هی کچهه بهلی نهین اکثر اونکی

نَجْوَاهُمْ إِلَّا مَنْ أَمَرَ بِصَدَقَةٍ أَوْ مَعْرُوفٍ أَوْ إِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ

مشورت مگر جو کوئی کهی خیرات کو یا نیک بات کو یا صلح کروانی کو لوگونمین

وَمَنْ يَفْعَلْ ذَلِكَ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللَّهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْرًا

اور جو کوئی یه چیزین کری الله کی خوشی چاه کر تو اوسکو دینگی بڑا

عَظِيمًا ۝ وَمَنْ يُشَاقِقِ الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدَى

ثواب ۝ اور جو کوئی مخالفت کری رسول سی جب کهل چکی اوس پر راه کی بات

وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّى وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ

اور چلی سب مسلمانون کی راه سی سوائی هم اوسکو حوالی کرین وهی طرف جو اوسنی پکڑی اور ڈالین اوسکو

ثلث

ع

وَسَاءَتْ مَصِيرًا ۝ إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ

اور بہوت بری جگہہ پہونچا ۝ اللہ یہہ نہیں بخشتا کہ اوسکا شریک ٹہراوے اور اوس سی

مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ ۚ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا

نیچی بخشتا ہی جسکو چاہی اور جس نی اللہ کا شریک ٹہرایا وہ دور بڑا بہولکر

بَعِيدًا ۝ إِنْ يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ إِلَّا إِنَاثًا وَإِنْ يَدْعُونَ إِلَّا

اوسکی سوای پکارتی ہیں سو عورتوں کو اور اوسکی سوا پکارتی ہیں

شَيْطَانًا مَرِيدًا ۝ لَعَنَهُ اللَّهُ ۘ وَقَالَ لَأَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ

شیطان سرکش کو جسکو لعنت کی اللہ نی اور وہ بولا کہ میں البتہ لونگا تیری بندوں سی

نَصِيبًا مَفْرُوضًا ۝ وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ

حصہ ٹہرایا ہوا ۝ اور انکو بہکاؤنگا اور انکو توقعیں دونگا اور انکو سکہاؤنگا

فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللَّهِ

کہ چیریں چارپایوں کی کان اور انکو سکہاؤنگا کہ بدلیں صورتیں بنائی اللہ کی

وَمَنْ يَتَّخِذِ الشَّيْطَانَ وَلِيًّا مِنْ دُونِ اللَّهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا

اور جو کوئی پکڑی شیطان کو رفیق اللہ کو چہوڑکر وہ ڈوبا صریح نقصان میں

مُبِينًا ۝ يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيهِمْ ۖ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا

انکو وعدہ دیتا ہی اور انکو توقعیں بتاتا ہی اور جو کچھ وعدہ دیتا ہی انکو شیطان سو سب دغا

أُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَلَا يَجِدُونَ عَنْهَا مَحِيصًا ۝ وَالَّذِينَ

ایسونکا ٹہکانا ہی دوزخ اور نہ پاوینگے وہاں سی بہاگنی کو جگہہ ۝ اور جو

امنوا

یعنی تیری بندی اپنی مال میں
میرا حصہ ٹہرا رکہینگی جیسی
دستور ہی بتونکی نیاز
نکالتی ہیں

آمنوا وعملوا الصالحات سندخلهم جنات تجري من

یقین لائے اور عمل کیے نیک اونکو ہم داخل کرینگے باغوں میں جنکے نیچے بہتی

تحتها الانهار خالدين فيها ابدا وعد الله حقا ومن اصدق

نہریں رہا کریں وہاں ہمیشہ کو وعدہ ہے اللہ کا سچا اور اللہ سے سچی

من الله قيلا ۝ ليس بامانيكم ولا اماني اهل الكتاب

کسکی بات نہ تمہاری آرزو پر ہے نہ کتاب والوں کی آرزو پر

من يعمل سوءا يجز به ولا يجد له من دون الله وليا ولا

جو کوئی برا کریگا اوسکی سزا پاویگا اور نہ پاویگا اللہ کے سوا اپنا کوئی حمایتی

نصيرا ۝ ومن يعمل من الصالحات من ذكر او انثى

مددگار اور جو کوئی کچھ عمل کریگا نیک مرد ہو یا عورت

وهو مؤمن فاولئك يدخلون الجنة ولا يظلمون نقيرا ۝

اور ایمان رکھتا ہو سو وہ لوگ داخل ہونگے جنت میں اور اونکا حق نہ رہیگا تل بھر

ومن احسن دينا ممن اسلم وجهه لله وهو محسن واتبع

اور اوس سے بہتر کسکی راہ جسنے منہ دہرا اللہ کے حکم پر اور نیکی میں لگا ہے اور چلا

ملة ابراهيم حنيفا واتخذ الله ابراهيم خليلا ۝ ولله ما في

دین ابراہیم پر جو ایک طرف کا تھا اور اللہ نے پکڑا ابراہیم کو یار اور اللہ کا ہے جو کچھ

السموات وما في الارض وكان الله بكل شيء محيطا ۝

آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں اور اللہ کے ڈہب میں ہے سب چیز

وَيَسْتَفْتُونَكَ فِي النِّسَآءِ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ

اور تجھ سے رخصت مانگتے ہیں عورتوں کی تو کہہ اللہ تم کو رخصت دیتا ہے اونکی اور وہ جو تم کو سناتے ہیں

فِي الْكِتَابِ فِي يَتَامَى النِّسَآءِ الّٰتِي لَا تُؤْتُونَهُنَّ مَا كُتِبَ

کتاب میں سو حکم ہے یتیم عورتوں کا جنکو تم نہیں دیتے جو اونکا مقرر ہے

لَهُنَّ وَتَرْغَبُونَ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الْوِلْدَانِ

اور چاہتے ہو کہ اونکو نکاح میں لو اور مغلوب لڑکونکا

وَأَنْ تَقُومُوا لِلْيَتَامٰى بِالْقِسْطِ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللّٰهَ

اور یہ بھی کہ قایم رہو یتیموں کی حق میں انصاف پر اور جو کروگے بھلائی سو وہ اللہ کو

كَانَ بِهٖ عَلِيمًا ۝ وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوزًا أَوْ

معلوم ہے ف اور اگر ایک عورت ڈرے اپنے خاوند کی لڑنے سے یا جی

إِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يُصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا وَالصُّلْحُ

پھر جانے سے تو گناہ نہیں دونوں پر کہ کر لیں آپس میں کچھ صلح اور صلح

خَيْرٌ وَأُحْضِرَتِ الْأَنْفُسُ الشُّحَّ وَإِنْ تُحْسِنُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ

خوب چیز ہے اور جیونکے سامنے دھری ہے حرص اور اگر تم نیکی کرو اور پرہیزگاری تو

اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ۝ وَلَنْ تَسْتَطِيعُوا أَنْ تَعْدِلُوا بَيْنَ

اللہ کو تمہارے سب کام کی خبر ہے ف اور تم ہرگز برابر نہ رکھ سکو گے عورتوں کو

النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيلُوا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوهَا كَالْمُعَلَّقَةِ

اگرچہ اسکا شوق کرو سو نری پھر بھی نجاؤ کہ ڈال رکھو ایک کو جیسے ادھر میں لٹکتی

وَإِن تُصْلِحُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ ٱللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ● وَإِن

اور اگر سنوارتے رہو اور پرہیزگاری کرو تو اللہ بخشنے والا مہربان ہی ؎ اور اگر

يَتَفَرَّقَا يُغْنِ ٱللَّهُ كُلًّا مِّن سَعَتِهِۦ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ وَٰسِعًا حَكِيمًا ●

دونوں جدی ہو جاویں تو اللہ ہر ایک کو محظوظ کر لے اپنی کشائش سے اور اللہ کشائش والا ہی تدبیر جانتا

وَلِلَّهِ مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ ۗ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا ٱلَّذِينَ

اور اللہ کا ہی جو کچھ ہی آسمان و زمین میں ہی اور ہم نے کہہ رکھا ہی

أُوتُوا ٱلْكِتَٰبَ مِن قَبْلِكُمْ وَإِيَّاكُمْ أَنِ ٱتَّقُوا ٱللَّهَ ۚ وَإِن تَكْفُرُوا

پہلی کتاب والوں کو اور تمکو کہ ڈرتے رہو اللہ سے اور اگر منکر ہوگے

فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ غَنِيًّا

تو اللہ کا ہی جو کچھ ہی آسمان و زمین میں اور اللہ بے پروا ہی

حَمِيدًا ● وَلِلَّهِ مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ ۚ وَكَفَىٰ

سب خوبیوں سراہا اور اللہ کا ہی جو کچھ ہی آسمان و زمین میں اور اللہ بس ہی

بِٱللَّهِ وَكِيلًا ● إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ أَيُّهَا ٱلنَّاسُ وَيَأْتِ بِـَٔاخَرِينَ ۚ

کام بنانے والا ؎ اگر چاہی تمکو دور کرے لوگو اور لے آوے اور لوگ

وَكَانَ ٱللَّهُ عَلَىٰ ذَٰلِكَ قَدِيرًا ● مَّن كَانَ يُرِيدُ ثَوَابَ ٱلدُّنْيَا

اور اللہ یہہ قدرت ہی جو کوئی چاہتا ہو انعام دنیا کا

فَعِندَ ٱللَّهِ ثَوَابُ ٱلدُّنْيَا وَٱلْءَاخِرَةِ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ سَمِيعًا بَصِيرًا ●

سو اللہ کے ہاں ہی انعام دنیا کا اور آخرت کا اور اللہ ہی سنتا دیکھتا ؎

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى

اے ایمان والو قائم رہو انصاف پر گواہی دو اللہ کی طرف اگرچہ نقصان ہو اپنا

اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى

یا ماں باپ کا یا قرابت والوں کا اگر کوئی محظوظ ہے یا محتاج ہے تو اللہ اونکا خیرخواہ ہے

بِهِمَا فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا

سے زیادہ سو تم جی کی چاہ نہ مانو اس بات میں کہ برابر سمجھو اور اگر تم زبان ملوگے یا بچا جاؤگے

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اٰمِنُوْا

تو اللہ تمہارے کام سے واقف ہے ۝ اے ایمان والو یقین لاؤ اللہ پر

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ

اور اوسکے رسول پر اور کتاب پر جو نازل کی ہے اپنے رسول پر اور اوس کتاب پر

الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ

جو نازل کی تھی پہلی اور جو کوئی یقین نہ رکھے اللہ پر اور اوسکے فرشتوں پر اور کتابوں پر

وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور رسولوں پر اور پچھلے دن پر وہ دور پڑا بہک کر ۝ جو لوگ

اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ

مسلمان ہوئے پھر منکر ہوئے پھر مسلمان ہوئے پھر منکر ہوئے پھر بڑھتے گئے انکار میں اللہ اونکو

اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ۝ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ

بخشنے والا نہیں اور نہ اونکو دیوے راہ ۝ خوشی سنا منافقوں کو کہ اونکو ہے دکھ کی

عذابا

ف یعنی ظاہر میں مسلمان رہے اور دل سے بھٹکتے رہے تو آخر کو بے یقین مرے تو کافر کے برابر ہیں اونکو بخشش نہیں اور ظاہر کی مسلمانی سے وہاں راہ نہ ملیگی ف

عَذَابًا أَلِيمًا ۝ ٱلَّذِينَ يَتَّخِذُونَ ٱلْكَٰفِرِينَ أَوْلِيَآءَ مِن دُونِ

مار دکھ وہ جو پکڑتے ہیں کافروں کو رفیق

ٱلْمُؤْمِنِينَ أَيَبْتَغُونَ عِندَهُمُ ٱلْعِزَّةَ فَإِنَّ ٱلْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا ۝ وَقَدْ

مسلمان چھوڑ کر کیا ڈھونڈھتے ہیں انکے پاس عزت سو عزت اللہ کی ہی ساری اور

نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِى ٱلْكِتَٰبِ أَنْ إِذَا سَمِعْتُمْ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ يُكْفَرُ بِهَا

حکم اوتار چکا تم پر کتاب میں کہ جب سنو اللہ کی آیتوں پر انکار ہوتی

وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوا۟ مَعَهُمْ حَتَّىٰ يَخُوضُوا۟ فِى حَدِيثٍ

اور ہنسی ہوتی تو نہ بیٹھو انکے ساتھ جب تک وہ بیٹھیں اور بات میں اوسکی

غَيْرِهِۦٓ إِنَّكُمْ إِذًا مِّثْلُهُمْ إِنَّ ٱللَّهَ جَامِعُ ٱلْمُنَٰفِقِينَ وَٱلْكَٰفِرِينَ

سوائے نہیں تو تم بھی انکی برابر ہوئے اللہ اکٹھا کریگا منافقوں کو اور کافروں کو

فِى جَهَنَّمَ جَمِيعًا ۝ ٱلَّذِينَ يَتَرَبَّصُونَ بِكُمْ فَإِن كَانَ لَكُم

دوزخ میں ایک جگہہ وہ جو تاکتے ہیں تمکو پھر اگر کو

فَتْحٌ مِّنَ ٱللَّهِ قَالُوٓا۟ أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ وَإِن كَانَ لِلْكَٰفِرِينَ نَصِيبٌ

فتح ملی اللہ کی طرف سے کہیں کیا ہم نہ تھے تمہارے ساتھ اور اگر ہوئی کافروں کی قسمت

قَالُوٓا۟ أَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُم مِّنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ ۝

کہیں ہم نہیں گھیر لیا تھا تمکو اور بچا دیا مسلمانوں سے

فَٱللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ وَلَن يَجْعَلَ ٱللَّهُ لِلْكَٰفِرِينَ

سو اللہ حکم کریگا تم میں قیامت کے دن اور ہرگز نہ دیگا اللہ کافروں کو

على المؤمنين سبيلا ۝ ان المنفقين يخدعون الله

مسلمانوں پر راہ ۔ منافق جو ہیں دغابازی کرتی ہیں اللہ سی

وهو خادعهم واذا قاموا الى الصلوة قاموا كسالى

اور وہی اونکو دغا دیگا اور جب کہڑی ہوویں نماز کو تو کہڑی ہوں جی ہاری

يراءون الناس ولا يذكرون الله الا قليلا ۝ مذبذبين بين

دکہاتی لوگونکو اور یاد نہ کریں اللہ کو مگر کم ادہر بیچ لٹکتی دونوں کی بیچ

ذلك لا الى هؤلاء ولا الى هؤلاء ومن يضلل الله فلن

نہ انکی طرف نہ اونکی طرف اور جسکو بہٹکاوی اللہ پہر تو نہ

تجد له سبيلا ۝ يايها الذين امنوا لا تتخذوا الكفرين اولياء

پاوی اوسکی واسطی کہیں راہ ای ایمان والو نہ پکڑو کافرونکو رفیق

من دون المؤمنين ۝ اتريدون ان تجعلوا لله عليكم

مسلمان چہوڑ کر کیا لیا چاہتی ہو اپنی اوپر اللہ کا

سلطانا مبينا ۝ ان المنفقين في الدرك الاسفل من النار

الزام صریح منافق ہیں سب سی نیچی درجی میں آگ کی

ولن تجد لهم نصيرا ۝ الا الذين تابوا واصلحوا واعتصموا

اور ہرگز نہ پاوی تو اونکی واسطی کوئی مددگار مگر جنہوں نی توبہ کی اور سنوارا آپ کو اور مضبوط پکڑا

بالله واخلصوا دينهم لله فاولئك مع المؤمنين ۝ وسوف

اللہ کو اور ستہری حکم بردار ہوئی اللہ کی سو وہ ہیں ایمان والوں کی ساتہہ اور آگی

ع

اس سی معلوم ہوا کہ جو شخص راہ حق میں ہو اگر گمراہ ہو نسی بہی بنائی رکہی یہہ بہی نفاق ہی ۱۲

يؤت

يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِينَ أَجْرًا عَظِيمًا ● مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ

دیگا الله ایمان والوں کو بڑا ثواب کیا کریگا الله تمکو عذاب کرکر

إِنْ شَكَرْتُمْ وَآمَنْتُمْ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيمًا ● لَا يُحِبُّ اللّٰهُ

اگر تم حق مانو اور یقین رکھو اور الله قدردان ہی سب جانتا الله کو خوش نہیں آتا

الْجَهْرَ بِالسُّوءِ مِنَ الْقَوْلِ إِلَّا مَنْ ظُلِمَ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيعًا

بری بات کا پکارنا مگر جس پر ظلم ہوا اور الله ہی سنتا

عَلِيمًا ● إِنْ تُبْدُوا خَيْرًا أَوْ تُخْفُوهُ أَوْ تَعْفُوا عَنْ سُوءٍ فَإِنَّ

جانتا اگر تم کہلی کرو کچھ بھلائی یا اسکو چھپاؤ یا معاف کرو برائی کو تو الله ہی

اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيرًا ● إِنَّ الَّذِينَ يَكْفُرُونَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ

معاف کرنے والا ہی مقدور رکھتا جو لوگ منکر ہیں الله سے اور اسکے رسولوں سے

وَيُرِيدُونَ أَنْ يُفَرِّقُوا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهِ وَيَقُولُونَ نُؤْمِنُ

اور چاہتے ہیں کہ فرق نکالیں الله میں اور اسکے رسولوں میں اور کہتے ہیں ہم مانتے ہیں

بِبَعْضٍ وَنَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَيُرِيدُونَ أَنْ يَتَّخِذُوا بَيْنَ ذٰلِكَ

بعضوں کو اور نہیں مانتے بعضوں کو اور چاہتے ہیں کہ نکالیں بیچ میں

سَبِيلًا ● أُولٰئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ حَقًّا وَأَعْتَدْنَا

ایک راہ ایسے لوگ وہی ہیں اصل کافر اور ہمنے تیار رکھی ہی

لِلْكَافِرِينَ عَذَابًا مُهِينًا ● وَالَّذِينَ آمَنُوا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ وَلَمْ

منکروں کے واسطے ذلت کی مار اور جو لوگ یقین لائے الله پر اور اسکے رسولوں پر اور جدا

يفرقوا بين احد منهم اولئك سوف يؤتيهم اجورهم

نہ کیا کسیکو اونمیں اونکو دیگا اونکی ثواب

وكان الله غفورا رحيما ● يسئلك اهل الكتب ان تنزل

اور اللہ ہی بخشنے والا مہربان تجھ سے مانگتے ہیں کتاب والے کہ اون پر اوتار لا دے

عليهم كتابا من السماء فقد سالوا موسى اكبر من ذلك

کتاب آسمان سے سو مانگ چکے ہیں موسیٰ سے اس سے بڑی چیز

فقالوا ارنا الله جهرة فاخذتهم الصاعقة بظلمهم ثم

بولے ہمکو دکھاوے اللہ سامنے پھر پکڑا اونکو بجلی نے اونکی گناہ پر پھر

اتخذوا العجل من بعد ما جاءتهم البينت فعفونا عن ذلك

بنالیا بچھڑا اتنی نشان پہونچی پیچھے پھر ہمنے وہ بھی معاف کیا

واتينا موسى سلطنا مبينا ● ورفعنا فوقهم الطور بميثاقهم

اور دیا موسیٰ کو غلبہ صریح اور ہمنے اوٹھایا اون پر پہاڑ اونکی قول لینے میں

وقلنا لهم ادخلوا الباب سجدا وقلنا لهم لا تعدوا في

اور ہمنے کہا داخل ہو دروازے میں سجدہ کرکر اور ہمنے کہا زیادتی نہ کرو

السبت واخذنا منهم ميثاقا غليظا ● فبما نقضهم

ہفتی کے دن میں اور اونسے لیا قول گاڑہا سو اونکی قول توڑنی

ميثاقهم وكفرهم بايت الله وقتلهم الانبياء بغير حق

پر اور منکر ہونی پر اللہ کی آیتوں سے اور خون کرنی پر نبیوں کا ناحق

ع

وقولهم

وَقَوْلِهِمْ قُلُوبُنَا غُلْفٌ ۚ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُونَ

اور اس کہنی پر کہ ہماری دل پر غلاف ہی کوئی نہیں پر اللہ نی مہر کی ہی اون پر ماری کفر کی سو یقین نہیں لاتی

إِلَّا قَلِيلًا ۝ وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلَىٰ مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيمًا ۝

مگر کم — اور اونکی کفر پر — اور مریم پر بڑا طوفان بولنی پر

وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيحَ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا

اور اس کہنی پر کہ ہمنی مارا مسیح عیسی مریم کی بیٹی کو جو رسول تہا اللہ کا اور نہ

قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا

اوسکو مارا ہی نہ سولی پر چڑہایا اور لیکن وہی صورت بن گئی اونکی آگی اور جو لوگ اسمین کئی باتین

فِيهِ لَفِي شَكٍّ مِنْهُ ۚ مَا لَهُمْ بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا

وہ اس جگہہ شبہہ مین پڑی ہین کچہہ نہین اونکو اسکی خبر مگر اٹکل پر چلنا اور اوسکو

قَتَلُوهُ يَقِينًا ۝ بَلْ رَفَعَهُ اللّٰهُ إِلَيْهِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ۝

مارا نہین بیشک بلکہ اوسکو اوٹہالیا اللہ نی اپنی طرف اور ہی اللہ زبردست حکمت والا

وَإِنْ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ ۖ وَيَوْمَ

اور جو فرقہ ہی کتاب والوں سو اوس پر یقین لاوینگی اوسکی موت سی پہلی اور قیامت کی

الْقِيَامَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا ۝ فَبِظُلْمٍ مِنَ الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا

دن ہوگا اونکا بتانیوالا — سو یہود کی گناہ سی ہمنی حرام کین

عَلَيْهِمْ طَيِّبَاتٍ أُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ كَثِيرًا

اونپر کئی پاک چیزین جو اونکو حلال تہین اور اس سی کہ اٹکتی تہی اللہ کی راہ سی بہوت

وَاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ

اور اونکے سود لینے پر اور اونکو اوس سے منع ہو چکا ہی اور لوگونکا مال کھانے پر

بِالْبَاطِلِ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِى الْعِلْمِ

ناحق اور تیار رکھی ہی ہمنی اون میں منکرونکی واسطی دکھکی مار لیکن جو ثابت ہیں علم پر

مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَا اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَا اُنْزِلَ مِنْ

اونمیں اور ایمان والی ہیں سو مانتی ہیں جو اترا تجکو اور جو اترا

قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

تجسی پہلی اور آفرین نماز قائم رہنی والونکو اور دینی والی زکواۃ کی اور یقین رکھنی والی اللہ پر

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

اور پچھلی دن پر ایسونکو ہم دینگی بڑا ثواب ہمنی وحی بھیجی تیری طرف

ع

كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْ بَعْدِهٖ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ

جیسی وحی بھیجی نوح کو اور نبیوں کو اوسکی بعد اور وحی بھیجی ابراہیم کو

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ

اور اسمعیل کو اور اسحاق کو اور یعقوب کو اور اوسکی اولاد کو اور عیسی کو اور ایوب کو

وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝ وَرُسُلًا

اور یونس کو اور ہارون کو اور سلیمان کو اور دی ہمنی داود کو زبور اور بھیجی رسول

قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ

جنکا احوال سنایا ہمنی تجکو آگی اور کتنی رسول جنکا احوال نہیں سنایا تجکو

جنکا

وكلم الله

85

وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوسٰى تَكْلِيمًا ۝ رُسُلًا مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ لِئَلَّا

اور باتیں کیں اللہ نے موسیٰ سے بولکر کتنے رسول خوشی اور ڈر سنانیوالے تا نہ

يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيزًا

رہے لوگونکو اللہ پر جگہ الزام کی رسولونکے بعد اور اللہ زبردست ہے

حَكِيمًا ۝ لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَا أَنْزَلَ إِلَيْكَ أَنْزَلَهُ بِعِلْمِهِ وَالْمَلٰئِكَةُ

حکمت والا ۝ لیکن اللہ شاہد ہے اس پر جو تجکو نازل کیا کہ یہہ نازل کیا ہے اپنے علم کے ساتھہ اور فرشتے

يَشْهَدُونَ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيدًا ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا

گواہ ہیں اور اللہ بس ہے حق ظاہر کرنیوالا ۝ جو لوگ منکر ہوے اور اٹکی اللہ کی راہ

عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوا ضَلٰلًا بَعِيدًا ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا

سے وہ دور پڑے ہیں بہکر ۝ جو لوگ منکر ہوے

وَظَلَمُوا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيقًا ۝ إِلَّا

اور حق دبا رکھا ہرگز اللہ بخشنے والا نہیں انکو اور نہ انکو ملاوے راہ مگر

طَرِيقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِينَ فِيهَا أَبَدًا وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرًا ۝

راہ دوزخ کی پڑے رہیں اوسمیں ہمیشہ اور یہہ اللہ پر آسان ہے

يٰأَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الرَّسُولُ بِالْحَقِّ مِنْ رَبِّكُمْ فَآمِنُوا

لوگو تم پاس رسول آچکا ٹھیک بات لیکر تمہارے رب کی سو مانو کہ

خَيْرًا لَكُمْ وَإِنْ تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَ

بھلا ہو تمہارا اور اگر نہ مانوگے تو اللہ کا ہے جو کچھہ ہے آسمان و زمین میں اور

كَانَ اللّٰهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوا فِي

اللہ سب خبر رکھتا ہی حکمت والا — ای کتاب والو مت مبالغہ کرو

دِينِكُمْ وَلَا تَقُولُوا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ اِنَّمَا الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ

اپنی دین کی بات میں اور مت بولو اللہ کی حق میں مگر تحقیق مسیح جو ہی عیسی مریم کا بیٹا

رَسُولُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهُ اَلْقٰهَا اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِنْهُ فَاٰمِنُوا

رسول ہی اللہ کا اور اوسکا کلام جو ڈالدیا مریم کی طرف اور روح اوسکی ہاں کی سو مانو

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ وَلَا تَقُولُوا ثَلٰثَةٌ اِنْتَهُوا خَيْرًا لَكُمْ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ

اللہ کو اور اوسکی رسولوں کو اور مت بتاؤ اوسکو تین یہہ بات چھوڑو کہ بھلا ہو تمہارا اللہ جو ہی سو ایک معبود

وَاحِدٌ سُبْحٰنَهُ اَنْ يَكُونَ لَهُ وَلَدٌ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

ہی اس لایق نہیں کہ اوسکی اولاد ہو اوسیکا ہی جو کچھ آسمان و زمین

الْاَرْضِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيلًا ۝ لَنْ يَسْتَنْكِفَ الْمَسِيحُ اَنْ

میں ہی اور اللہ بس ہی کام بنانیوالا — مسیح ہرگز برا نہ مانی اس سی

يَكُونَ عَبْدًا لِلّٰهِ وَلَا الْمَلٰئِكَةُ الْمُقَرَّبُونَ وَمَنْ يَسْتَنْكِفْ عَنْ

کہ بندہ ہو اللہ کا اور نہ فرشتی نزدیک والی — اور جو کوئی برا مانے

عِبَادَتِهِ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيعًا ۝ فَاَمَّا

اللہ کی بندگی سی اور تکبر کری سو وہ جمع کری اون سبکو اپنی پاس اکٹھا — پھر جو

الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيهِمْ اُجُورَهُمْ وَيَزِيدُهُمْ

ایمان لائی ہیں اور عمل کیی نیک سو اونکا پورا دیگا اونکا ثواب اور بڑھتی دیگا

ع

یہہ خطاب ہی نصاری کو کہ اللہ کو تین جانتے تھی یعنی باپ اور بیٹا اور روح القدس فرمایا کہ دین کی بات میں ...

نہیں وہ اس بات کا بنانیوالا

من فضله

مِن فَضْلِهِ وَأَمَّا الَّذِينَ اسْتَنكَفُوا وَاسْتَكْبَرُوا فَيُعَذِّبُهُمْ

اپنی فضل سی اور جو کنیانی اور تکبر کیا سو اونکو ماریگا

عَذَابًا أَلِيمًا وَلَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا

دکھ کی مار اور نہ پاوینگی اپنی واسطی الله کی سوا کوئی حمایتی نہ مددگار

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُم بُرْهَانٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ

لوگو تم پاس پہونچ چکی تمہاری رب کی طرف سی سند اور اوتاری ہمنی تم پر

نُورًا مُّبِينًا فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَاعْتَصَمُوا بِهِ فَسَيُدْخِلُهُمْ

روشنی واضح سو جو یقین لائی الله پر اور اوسکو مضبوط پکڑا تو اونکو داخل کریگا

فِي رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ وَيَهْدِيهِمْ إِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا

اپنی مہر میں اور فضل میں اور پہونچاویگا اپنی طرف سیدھی راہ پر

يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ إِنِ امْرُؤٌ هَلَكَ

حکم پوچھتی ہیں تجھ سی تو کہہ الله حکم بتاتا ہی تمکو کلالہ کا اگر ایک مرد مر گیا

لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ وَلَهُ أُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ وَهُوَ يَرِثُهَا

کہ اوسکو بیٹا نہیں اور اوسکو ایک بہن ہی تو اوسکو پہونچی آدہا جو چھوڑ مرا اور وہ بھائی وارث

اوس بہن کا

إِن لَّمْ يَكُن لَّهَا وَلَدٌ فَإِن كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثَانِ مِمَّا تَرَكَ

اگر نہ رہی اوسکو بیٹا پھر اگر بہنیں دو ہوں تو اونکو پہونچی دو تہائی جو کچھ چھوڑ مرا

وَإِن كَانُوا إِخْوَةً رِّجَالًا وَنِسَاءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنثَيَيْنِ

اور اگر کئی شخص اوس ناتی کی مرد اور عورتیں تو مرد کو دو برابر حصہ عورت کا

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

بیان کرتا ہی اللہ تمہاری واسطی کہ بہکو اور اللہ ہر چیز سی واقف ہی

سورة المائدة مدنية وهي مائة وعشرون اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۞ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ

ای ایمان والو پوری کرو قرار حلال ہوی تمکو چرپای مواشی

اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۞ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ

سوا اوسکی جو تمکو سناوینگی مگر حلال نہ جانو شکار کو ایسی احرام مین اللہ حکم کرتا ہی

مَا يُرِيْدُ ۞ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ

جو چاہی ای ایمان والو حلال نہ سمجھو اللہ کی نام کی چیزین اور نہ ادب والا مہینا

الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ آٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ

اور نہ نیاز کی جانور جو کعبی کو جاوین اور نہ گلی مین پٹکی والیان اور نہ انی والو کو ادب والی گہر کی طرف

يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا

کہ ڈھونڈتی ہین فضل اپنی رب کا اور خوشی اور جب احرام سی نکلو تو شکار کرو

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ

اور باعث نہ ہو تمکو ایک قوم کی دشمنی کہ تمکو روکتی تہی ادب والی مسجد سی اس پر

تعتدوا

یعنی جب آدمی مسلمان ہوا تو سب حکم اللہ کی قبول کرنی ٹہرا اب اگی حکم فرمائی انکو قبول کرو مواشی یہہ جانور ہین جنکو لوگ پالتی ہین کہانیکو جیسی گائی بکری پہر جنگل کی ہرن اور نیلا گاو ذخیرہ آسمین داخل ہین کہ جنس ایک ہی اذنکو احرام کی وقت اور اسی طرح حرم کی ... حرام فرمایا

تَعْتَدُوا وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَى وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ

کہ زیادتی کرو اور آپس میں مدد کرو نیک کام پر اور پرہیزگاری پر اور مدد نہ کرو گناہ پر

وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ حُرِّمَتْ

اور زیادتی پر اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ کا عذاب سخت ہے حرام ہوا

عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ

تم پر مردہ اور لہو اور گوشت سور کا اور جس چیز پر نام پکارا اللہ کے سوائے کا

وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيحَةُ وَمَا أَكَلَ السَّبُعُ

اور جو مر گیا گھٹ کر یا چوٹ سے یا گر کر یا سینگ مارے سے اور جس کو کھایا پھاڑنے والے نے

إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَأَنْ تَسْتَقْسِمُوا بِالْأَزْ

مگر جو تم نے ذبح کر لیا اور جو ذبح ہوا کسی تھان پر اور یہ کہ بانٹا کرو پانسے ڈال کر

لَامِ ذَٰلِكُمْ فِسْقٌ الْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ دِينِكُمْ فَلَا

یہ گناہ کا کام ہے آج ناامید ہوئے کافر تمہارے دین سے سو ان سے مت

تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ

ڈرو اور مجھ سے ڈرو آج میں پورا دے چکا تم کو دین تمہارا اور پورا کیا

عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا فَمَنِ اضْطُرَّ فِي

تم پر میں نے احسان اپنا اور پسند کیا میں نے تمہارے واسطے دین مسلمانی پھر جو کوئی ناچار ہو گیا

مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِإِثْمٍ فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ

بھوک میں لیکن گناہ پر نہیں ڈھلتا تو اللہ بخشنے والا ہے مہربان ہے

يسئلونك ماذا أحل لهم قل أحل لكم الطيبات وما

تجھ سے پوچھتے ہیں کہ اونکو کیا حلال ہی تو کہہ تمکو حلال ہیں ستھری چیزیں اور جو

علمتم من الجوارح مكلبين تعلمونهن مما علمكم

سدہاؤ شکاری جانور دوڑانیکو کہ اونکو سکھاتے ہو کچھ ایک جو اللہ نے تمکو سکھایا ہی

الله فكلوا مما أمسكن عليكم واذكروا اسم الله عليه واتقوا

سو کھاؤ اوس میں سے کہ رکھ چھوڑیں تمہارے واسطے اور اللہ کا نام لو اوس پر اور ڈرتے رہو

الله إن الله سريع الحساب ۝ اليوم أحل لكم الطيبات

اللہ سے اللہ شتاب لینے والا ہے حساب ۝ آج حلال ہوئیں تمکو سب چیزیں ستھری

وطعام الذين أوتوا الكتب حل لكم وطعامكم حل لهم

اور کتاب والوں کا کھانا تمکو حلال ہی اور تمہارا کھانا اونکو حلال ہی

والمحصنات من المؤمنات والمحصنات من الذين أوتوا

اور قید والی عورتیں مسلمان اور قید والی عورتیں پہلی کتاب

الكتب من قبلكم إذا آتيتموهن أجورهن محصنين

والوں کی جب اونکو دو مہر اونکے قید میں لانیکو

غير مسافحين ولا متخذي أخدان ومن يكفر بالإيمان فقد

نہ مستی نکالنی کو اور نہ چھپی آشنائی کرنیکو اور جو کوئی منکر ہوا ایمان سے تو اوسکی

حبط عمله وهو في الآخرة من الخاسرين ۝ يا أيها الذين

محنت ضایع ہوئی اور آخرت میں وہ ہار میں ہی ۝ اے

آمَنُوٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ

ایمان والو جب تم اٹھو نماز کو تو دھو لو اپنے مونہہ اور ہاتھ

اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوا بِرُءُوسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ

کہنیوں تک اور مل لو اپنے سر کو اور پانو ٹخنوں تک

وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوا وَاِنْ كُنْتُمْ مَرْضٰى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ

اور اگر تم کو جنابت ہو تو خوب طرح پاک ہو اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں یا آئے

اَحَدٌ مِنْكُمْ مِنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوا مَآءً

شخص تم میں آیا ہے جائے ضرور سے یا لگے ہو عورتوں سے پھر نہ پاؤ پانی

فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَاَيْدِيكُمْ مِنْهُ مَا

تو قصد کرو زمین پاک کا اور مل لو اپنے مونہہ اور ہاتھ اس سے

يُرِيدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ حَرَجٍ وَلٰكِنْ يُرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمْ

اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر رکھے مشکل لیکن چاہتا ہے کہ تم کو پاک کرے

وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ

اور پورا کرے احسان اپنا تم پر شاید تم احسان مانو اور یاد کرو احسان

اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ الَّذِي وَاثَقَكُمْ بِهِ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا

اللہ کا اپنے اوپر اور عہد اوس کا جو تم سے ٹھہرایا جب تم نے کہا کہ ہم نے سنا

وَاَطَعْنَا وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ يَآ اَيُّهَا

اور مانا اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ جانتا ہے جیوں کی بات اے

الذين امنوا كونوا قوامين لله شهداء بالقسط ولا يجرمنكم

ایمان والو کھڑی ہو جایا کرو اللہ کی واسطے گواہی دینی کو انصاف کی اور ایک قوم کے

شنان قوم على الا تعدلوا اعدلوا هو اقرب للتقوى واتقوا

دشمنی کے باعث عدل نہ چھوڑو عدل کرو یہی بات لگتی ہی تقوی سی اور ڈرو

الله ان الله خبير بما تعملون ۝ وعد الله الذين امنوا و

اللہ سی اللہ کو خبر ہی جو کرتی ہو ۔ وعدہ دیا اللہ نی ایمان والون کو جو

عملوا الصلحت لهم مغفرة واجر عظيم ۝ والذين كفروا

نیک عمل کرتی ہین کہ انکو بخشنا ہی اور بڑا ثواب ہی ۔ اور جو لوگ منکر ہوئی

وكذبوا باياتنا اولئك اصحب الجحيم ۝ يايها الذين

اور جھٹلائیں ہماری آیتیں وہ ہین دوزخ والی ۔ ای

امنوا اذكروا نعمت الله عليكم اذ هم قوم ان يبسطوا

ایمان والو یاد رکھو احسان اللہ کا جب قصد کیا ایک لوگون نی کہ تم پر ہاتھ

اليكم ايديهم فكف ايديهم عنكم واتقوا الله وعلى الله

چلادین پھر روک لئی تم سی انکی ہاتھ اور ڈرتی رہو اللہ سی اور اللہ پر

فليتوكل المؤمنون ۝ ولقد اخذ الله ميثاق بني اسرائل

چاہی بھروسا کریں ایمان والون کو ۔ اور لے چکا ہی اللہ نبی اسرائیل کا

وبعثنا منهم اثني عشر نقيبا وقال الله اني معكم لئن

اور اٹھائی ہم نی ان مین بارہ سردار اور کہا اللہ نی مین تمہاری ساتھ ہون تم اگر

اکثر کافر دن مین مسلمانون سی بڑی دشمنی رکھتی تھی پیچھی مسلمان ہوئی تو فرمایا کہ اوس قوم دشمنی نہ نکالو اور ہر جگہہ یہی حکم ہی حق بات مین دوست اور دشمن برابر ہی

ع

نعمتہم

اقمتم الصلوة واتيتم الزكوة وامنتم برسلي وعزرتموهم واقرضتم

کہڑی رکہو گی نماز اور دیتی رہو گی زکواة اور یقین لاؤ گی میری رسولوں پر اور انکو مدد کرو گی اور قرض دو گی

الله قرضا حسنا لاكفرن عنكم سياتكم ولادخلنكم

اللہ کو اچہی طرح کا قرض تو ہیں اتاروں گا تم سے برائیاں تمہاری اور داخل کروں گا تمکو

جنت تجري من تحتها الانهر ۝ فمن كفر بعد ذلك منكم

باغوں میں کہ بہتی ہیں نیچی اونکی نہریں پہر جو کوئی منکر ہوا تم میں اسکی بعد

فقد ضل سواء السبيل ۝ فبما نقضهم ميثاقهم لعناهم

وہ بیشک بہولا سیدہی راہ سو اونکی عہد توڑنی پر ہمنی اونکو لعنت کی

وجعلنا قلوبهم قسية يحرفون الكلم عن مواضعه

اور کردیا اونکی دل سیاہ بدلتی ہیں کلام کو اپنی ٹہکانی سی

ونسوا حظا مما ذكروا به ولا تزال تطلع على خائنة منهم

اور بہولگئی ایک فائدہ لینا اوس نصیحت سی جو اونکو کی تہی اور ہمیشہ تو خبر پاتا ہی اونکی ایک دغا کی

الا قليلا منهم فاعف عنهم واصفح ان الله يحب

مگر تہوڑی لوگ اونمیں سو معاف کر اور درگذر اونسی اللہ چاہتا ہی

المحسنين ۝ ومن الذين قالوا انا نصرى اخذنا ميثاقهم

نیکی والونکو اور وہ جو کہتی ہیں اپ کو نصاریٰ اونسی بہی لیا تہا ہمنی عہد اونکا

فنسوا حظا مما ذكروا به فاغرينا بينهم العداوة والبغضاء

پہر بہولگئی ایک حظ فائدہ لینا اوس نصیحت سی جو اونکو کی تہی پہر ہمنی لگادی اونکی اپس میں دشمنی اور کینہ

اسکا یہ معلوم ہو کہ انکی کلام سے انہوں اور حضرت عیسیٰ پر محبت سے قائم رہنا چھوٹ جاوی اور فقط مذہب کا جھگڑا اور محبت رہ جاوی تو راہ میں ہی ہیں

إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۚ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللَّهُ بِمَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ۝

قیامت کے دن تک اور آخر جتا دیگا انکو اللہ جو کچھ کرتے تھے

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيرًا مِمَّا

اے کتاب والو آیا ہے تم پاس رسول ہمارا کھولتا ہے تم پر بہوت چیزیں جو

كُنتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ ۚ قَدْ جَاءَكُم

تم چھپاتے تھے کتاب کی اور درگذر کرتا ہے بہوت چیزیں تم پاس آئی ہے

مِّنَ اللَّهِ نُورٌ وَكِتَابٌ مُّبِينٌ ۝ يَهْدِي بِهِ اللَّهُ مَنِ اتَّبَعَ

اللہ کی طرف سے روشنی اور کتاب بیان کرتی جس سے اللہ راہ پر لاتا ہے جو کوئی تابع ہو

رِضْوَانَهُ سُبُلَ السَّلَامِ وَيُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ

رضا کا بچاؤ کی راہ پر اور انکو نکالتا ہے اندھیروں سے روشنی میں

بِإِذْنِهِ وَيَهْدِيهِمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ لَّقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا

اپنے حکم سے اور انکو چلاتا ہے سیدھی راہ بیشک کافر ہوئے جنہوں نے کہا

إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا

اللہ وہی مسیح ہے بیٹا مریم کا تو کہہ پھر کسکا کچھ چلتا ہے اللہ سے

إِنْ أَرَادَ أَن يُهْلِكَ الْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ وَمَن فِي الْأَرْضِ

اگر وہ چاہے کہ کھپادے مسیح مریم کے بیٹے کو اور اسکی ماں کو اور جتنے لوگ ہیں زمین میں

جَمِيعًا ۗ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ يَخْلُقُ

ساری اور اللہ کو ہے سلطنت آسمانونکی اور زمین کی اور جو دونوں کے بیچ ہے بناتا ہے

مَا يَشَاءُ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَىٰ

جو چاہی اور اللہ ہر چیز پر قادر ہی وہ اور کہتی ہیں یہود اور نصاری

نَحْنُ أَبْنَاءُ اللَّهِ وَأَحِبَّاؤُهُ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوبِكُمْ بَلْ أَنْتُمْ بَشَرٌ

ہم بیٹی ہیں اللہ کی اور اوسکی پیاری تو کہہ پھر کیوں عذاب کرتا ہی تمکو تمہاری گناہوں پر کوئی نہیں تم ہی

مِمَّنْ خَلَقَ يَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ وَلِلَّهِ مُلْكُ

اوسکی پیدا کیں ہیں بخشی جسکو چاہی اور عذاب کری جسکو چاہی اور اللہ کو ہی سلطنت

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۝ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ

آسمان و زمین کی اور جو دونوں کی بیچ ہی اور اوسکی طرف رجوع ہی ای کتاب والو

قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلَىٰ فَتْرَةٍ مِنَ الرُّسُلِ أَنْ تَقُولُوا

آیا ہی تم پاس رسول ہمارا نورا برتی بیچ رسولونکا کبھی تم کہو

مَا جَاءَنَا مِنْ بَشِيرٍ وَلَا نَذِيرٍ ۝ فَقَدْ جَاءَكُمْ بَشِيرٌ وَنَذِيرٌ وَاللَّهُ

کہ ہم پاس نہ آیا کوئی خوشی یا ڈر سنانیوالا سو چکا تم پاس خوشی اور ڈر سنانیوالا اور اللہ

عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ اذْكُرُوا

ہر چیز پر قادر ہی ۝ اور جب کہا موسی نے اپنی قوم کو ای قوم یاد کرو

نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنْبِيَاءَ وَجَعَلَكُمْ مُلُوكًا

احسان اللہ کا اپنی اوپر جب پیدا کئی تم میں نبی اور کر دیا تمکو بادشاہ

وَآتَاكُمْ مَا لَمْ يُؤْتِ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِينَ ۝ يَا قَوْمِ ادْخُلُوا

اور دیا تمکو جو نہیں دیا کسیکو جہان میں ای قوم داخل ہو

ع

الأرض المقدسة التي كتب الله لكم ولا ترتدوا على أدباركم

زمین پاک میں جو لکھ دی اللہ نے تمکو اور الٹی نہ جاؤ اپنی پیٹھ پر

فتنقلبوا خاسرين ● قالوا يا موسى إن فيها قوما جبارين

پھر جا پڑوگی نقصان میں وہ بولی ای موسی وہاں ایک لوگ ہیں زبردست

وإنا لن ندخلها حتى يخرجوا منها فإن يخرجوا منها فإنا داخلون ● قال رجلان

اور ہم ہرگز وہاں نہ جاوینگی جب تک وہ نکل چکیں وہاں سی پھر اگر وہ نکلیں وہاں سی تو ہم داخل ہوں کہا دو مرد

من الذين يخافون أنعم الله عليهما ادخلوا عليهم الباب

ان ڈرانیوالوں میں کی خدا کی نوازش تھی ان دو پر پیٹھ جاؤ ان پر حملہ کرکر دروازی میں

فإذا دخلتموه فإنكم غالبون ● وعلى الله فتوكلوا إن كنتم

پھر جب تم اوسمیں پیٹھی تو تم غالب ہو اور اللہ پر بھروسا کرو اگر

مؤمنين ● قالوا يا موسى إنا لن ندخلها أبدا ما داموا فيها

یقین رکھتی ہو بولی ای موسی ہم ہرگز نہ جاوینگی ساری عمر جب تک وہ رہینگی اوسمیں

فاذهب أنت وربك فقاتلا إنا ههنا قاعدون ● قال

سو تو جا اور تیرا رب دونو لڑو ہم یہاں ہی بیٹھی ہیں بولا

رب إني لا أملك إلا نفسي وأخي فافرق بيننا وبين

ای رب میری اختیار میں نہیں مگر میری جان اور میرا بھائی سو تو فرق کر تو ہم میں اور

القوم الفاسقين ● قال فإنها محرمة عليهم أربعين سنة

بیحکم لوگوں میں کہا تو وہ اسی بند ہوئی چالیس برس

يتيهون

يَتِيهُونَ فِي الْأَرْضِ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ۝

سر مارتے پھرینگے ملک مین سو تو افسوس نکر بیحکم لوگون پر ف

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ابْنَيْ آدَمَ بِالْحَقِّ إِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ أَحَدِهِمَا

اور سنا انکو احوال تحقیق آدم کی دو بیٹون کا جب نیاز کی دونون نے کچھ نیاز پھر قبول ہوئی ایک سی

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْآخَرِ قَالَ لَأَقْتُلَنَّكَ قَالَ إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللَّهُ مِنَ

اور نہ قبول ہوئی دوسری سی کہا مین مار ڈالونگا وہ بولا کہ اللہ قبول کرتا ہی

الْمُتَّقِينَ ۝ لَئِنْ بَسَطْتَ إِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِي مَا أَنَا بِبَاسِطٍ

سو ادب والون سی ف اگر تو ہاتھ چلاویگا مجھپر مارنیکو مین نہ ہاتھ چلاونگا

يَدِيَ إِلَيْكَ لِأَقْتُلَكَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ۝

تجھپر مارنیکو مین ڈرتا ہون اللہ سی جو صاحب ہی سب جہان کا ف

إِنِّي أُرِيدُ أَنْ تَبُوءَ بِإِثْمِي وَإِثْمِكَ فَتَكُونَ مِنْ أَصْحَابِ

مین چاہتا کہ تو حاصل کری میرا گناہ اور اپنا گناہ پھر ہو دوزخ

النَّارِ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الظَّالِمِينَ ۝ فَطَوَّعَتْ لَهُ نَفْسُهُ قَتْلَ

والونمین اور یہی سزا ہی بی انصافون کی ف پھر اوسکو راضی کیا اوسکی نفس نے خون پر

أَخِيهِ فَقَتَلَهُ فَأَصْبَحَ مِنَ الْخَاسِرِينَ ۝ فَبَعَثَ اللَّهُ غُرَابًا

اپنی بھائی کی پھر اوسکو مار ڈالا تو ہو گیا زیان والونمین پھر بھیجا اللہ نی ایک کوا

يَبْحَثُ فِي الْأَرْضِ لِيُرِيَهُ كَيْفَ يُوَارِي سَوْءَةَ أَخِيهِ قَالَ

کریدتا زمین کو کہ اوسکو دکھاوی کس طرح چھپاتا ہی لاش اپنی بھائی کا بولا

نصف

اسکی پہلی کوئی انسان
مرا نہ تہا کہ معلوم ہووے دبانا ہوں
کیا کرے قابیل حیران ہوا
پھر اس نے کوے کو دیکھا
کہ دوسرے کوے کو مار کر
اور کہود کر زمین میں دبا دیا
کہ زمین کو کہود کر ہے
دفن کیا اسکو پہلے ایسے
ہی مرا ایسے کہ دبانا چاہئے
نقل ہیں یوں اسکو زمین
کوے نے زمین کہود کر دبا دیا
کوے مردے کو دفن کرنے لگے
دفن بہی دیکہا اور اپنا بہائی
جس طرح اسی دوسرے کو مار کر
دیکہی اور اسی فعل کی پشیمان ہوا ہر
ادل
روئے زمین میں پہلا گناہ
یہہ ہی ہوا اس سے اسکی
رسم پڑی ہے اسی سبب سے
توراۃ میں اسطرح فرمایا کہ
ایک کو مارا جیسا سبکو مارا
یعنی ایک کے کرنے سے اور دلیر
ہوتے ہیں تو سبکی گناہ میں
وہ اول بہی شریک ہے
اور جیسا ایک کو جلایا سبکو
جلایا یعنی ظالم کے ہاتہ سے بچا
دیا ف اول فرمایا کہ خون
کرنا گناہ ہے مگر بدلے میں یا
فساد کی سزا میں اب اوسکا
بیان کیا کہ جو کوئی لڑائی کرے
اللہ و رسول سے یعنی حاکم کے
مخالف ہو کر ملک کو غارت
کرے وہ ہاتہ لگے تو سولی
چڑہا کر ماریے یا قتل کریے
یا دا ہنا ہاتہ اور بایاں
پاؤں کاٹیے یا قید میں ڈال
رکہیے جیسی خطا ویسی سزا

يَا وَيْلَتَىٰ أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُونَ مِثْلَ هَٰذَا الْغُرَابِ فَأُوَارِيَ سَوْءَةَ

اے خرابی مجھ سے اتنا نہ ہو سکا کہ ہوں برابر اس کوے کی کہ میں چھپاؤں عیب

أَخِي فَأَصْبَحَ مِنَ النَّادِمِينَ ۝ مِنْ أَجْلِ ذَٰلِكَ كَتَبْنَا عَلَىٰ

اپنے بہائی کا پہر لگا پچتانے ف اسی سبب سے لکہا ہم نے

بَنِي إِسْرَائِيلَ أَنَّهُ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ

بنی اسرائیل پر کہ جو کوئی مار ڈالے ایک جان سوای بدلے جانکے یا فساد کرنے پر ملک میں

فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعًا وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَا أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعًا

تو گویا مار ڈالا سب لوگوں کو اور جسنے جلایا ایک جان کو تو گویا جلایا سب لوگونکو

وَلَقَدْ جَاءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنَاتِ ثُمَّ إِنَّ كَثِيرًا مِنْهُمْ بَعْدَ ذَٰلِكَ

اور لا چکے ہیں ان پاس رسول ہمارے صاف حکم پہر بہت لوگ ان میں اس پر بہی

فِي الْأَرْضِ لَمُسْرِفُونَ ۝ إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللَّهَ وَ

ملک میں دست درازی کرتے ہیں ف یہی سزا ہے انکی جو لڑائی کرتے ہیں اللہ سے اور

رَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا أَنْ يُقَتَّلُوا أَوْ يُصَلَّبُوا أَوْ

اسکے رسول سے اور دوڑتے ہیں ملک میں فساد کرنے کو کہ انکو قتل کریے یا سولی چڑہائیے یا

تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ مِنْ خِلَافٍ أَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ذَٰلِكَ

کاٹیے انکے ہاتہ اور پاؤں مقابل کا یا دور کریے انکو اس ملک سے یہہ

لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ إِلَّا

انکی رسوائی دنیا میں اور انکو آخرت میں بڑی مار ہے ف مگر

الذين

الَّذِينَ تَابُوا مِن قَبْلِ اَن تَقْدِرُوا عَلَيْهِمْ فَاعْلَمُوا اَنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ

جنہوں نے توبہ کی تمہارے ہاتھ پڑنے سے پہلے تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا

رَحِيمٌ ۝ يٰاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوا اِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ

مہربان ہے ۔ اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور ڈھونڈھو اوس تک وسیلہ

وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝ اِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا

اور لڑائی کرو اوسکی راہ میں شاید تمہارا بھلا ہووے ۔ وہ جو کافر ہیں

لَوْ اَنَّ لَهُم مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لِيَفْتَدُوا بِهِ مِنْ

اگر اونکے پاس ہو جتنا کچھ زمین میں ہے سارا اور اوسکے ساتھ اتنا اور کہ چھڑوا لیں اپنی

عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيمٌ ۝ يُرِيدُونَ

قیامت کے عذاب سے وہ اونسے قبول نہ ہو اور اونکو دکھ کی مار ہے ۔ چاہینگے

اَن يَخْرُجُوا مِنَ النَّارِ وَمَا هُم بِخَارِجِينَ مِنْهَا وَلَهُمْ عَذَابٌ

کہ نکل جاویں آگ سے اور وہ نکلنے والے نہیں اور اونکو عذاب

مُّقِيمٌ ۝ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوا اَيْدِيَهُمَا جَزَاءً بِمَا

دایم ہے ۔ اور جو کوئی چور ہو مرد یا عورت تو کاٹ ڈالو اونکے ہاتھ سزا اونکی

كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ فَمَن تَابَ مِن بَعْدِ

کمائی کی تنبیہ اللہ کی طرف سے اور اللہ زور آور ہے حکمت والا ۔ پھر جس نے توبہ کی اپنی

ظُلْمِهِ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوبُ عَلَيْهِ اِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

تقصیر کے پیچھے اور سنوار پکڑی تو اللہ اوسکو معاف کرتا ہے بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

ع

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ لَهُ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ يُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ

تو نہیں معلوم نہیں کیا کہ اللہ کو ہی سلطنت آسمان کی اور زمین کی عذاب کری جسکو چاہی

وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ

